## 5395 ـ خواتين كا ٹيلی ويژن پر آنے والے مردوں كو بغير شہوت كے ديكھنے كا حكم

**سوال**

كيا ٹيلی ويژن ديكھنا حرام ہے؟ ٹيلی ويژن پر مرد اينكر پروگرام اور خبريں پيش كرتے ہيں، ميں ٹيلی ويژن پر خبريں، ٹاک شو اور ديگر كوئی بھی پروگرام ديكھ رہی ہوتی ہوں تو كيا ٹيلی ويژن پر آنے والے مردوں كو بغير كسی شہوت كے ديكھنا حرام ہے؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

مسلمان پر اپنے تمام حواس كو كسی بھی ايسی چيز سے محفوظ ركھنا واجب ہے جس كا كوئی فائدہ نہيں ہے چہ جائيكہ مسلمان اپنے حواس كو كسی حرام كام ميں ملوث كرے؛ كيونكہ فرمانِ باری تعالی ہے:
إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا
ترجمہ: يقيناً سماعت، بصارت اور دل ان تمام چيزوں ميں سے ہر ايک كے بارے ميں پوچھا جائے گا۔[الاسراء: 36]

اسی طرح نبی مكرم صلی اللہ عليہ و سلم نے فرمايا: (نظر ؛ ابليس كے تيروں ميں سے ايک تير ہے۔) اور ٹيلی ويژن پر بے ہودہ اور فاسق و فاجر قسم كے مرد و خواتين آتے ہيں، اور عام طور پر ان ميں ديگر حرام امور كے ساتھ ساتھ موسيقی بھی پائی جاتی ہے، تو ايسی حالت ميں مجموعی طور پر ٹيلی ويژن ديكھنا قابل مذمت عمل ہے۔ اللہ ہميں بچنے كی توفيق عطا فرمائے۔

البتہ عورت كا مرد كے ايسے اعضا پر بلا شہوت نظر ڈالنا جو عموماً واضح ہوتے ہيں ، يہ بنيادی طور پر مباح عمل ہے، اس كی صراحت متعدد اہل علم نے كی ہے۔ اور ٹيلی ويژن ديكھنا اس ميں شامل ہی نہيں ہوتا اس ليے اس عمل كی كوئی ضرورت ہی نہيں ہے، اس ليے عورت كو كسی بھی ايسے كام پر وقت ضائع نہيں كرنا چاہيے جس ميں كوئی فائدہ نہ ہو، اور اپنے آپ كو ايسے كاموں ميں مصروف كرے جو مفيد ہو، اور اس كے نتائج اچھے ہو۔

اللہ تعالی عمل كی توفيق دے۔